© rasailojaraid.com



# مجلّہ فقہ اسلامی : کفالت اسکیم

مجلّہ فقہ اسلامی کے اعزازی طلب گاروں کی طرف سے مسلسل خطوط موصول ہوتے رہتے ہیں، ہم پہلے ہی ہر ماہ ۴۵۰ نسخے علماء کرام اور مختلف اداروں کو اعزازی ارسال کرتے ہیں مزید اعزازی رکنیت کی گنجائش نہیں تاہم ہم نے ایک کفالت اسکیم کا آغاز کیا ہے جس کے ذریعہ ممکن ہے بہت سے لوگوں کی مدد ہو سکے۔ اس اسکیم کے مطابق آئندہ اعزازی طلبگاروں کے نام پتے مجلّہ میں شائع کئے جائیں گے اور اصحابِ خیر کو دعوت دی جائے گی کہ وہ ان میں سے جس کی چاہیں کفالت قبول فرمالیں۔ یعنی ان کی طرف سے رکنیت فیس جمع کرادیں تو مجلّہ ان کے نام جاری کردیا جائے گا۔

سرِ دست مندرجہ ذیل افراد و اداروں کو مجلّہ فقہ اسلامی اعزازی طور پر درکار ہے اگر کوئی صاحبِ خیر ان کا سالانہ زرِ اعانت / ممبر شپ فیس ادا کر کے ان کی کفالت اور صدقہ جاریہ کا ثواب لینا چاہیں تو ان کی طرف سے ایک دو یا سب کی ممبر شپ فیس ارسال فرمائیں ہم مجلّہ ان کے نام جاری کردیں گے۔

غوثیہ لائبریری سکھر سے جناب ملک شیر زمان صاحب لکھتے ہیں :

ہم نے عوام الناس کے لئے بلامعاوضہ استفادہ کے لئے لائبریری قائم کی ہے۔ ہمارے وسائل محدود ہیں ازراہِ کرم مجلّہ فقہِ اسلامی اعزازی طور پر جاری فرمائیں۔

پتہ : غوثیہ اسلامک پبلک لائبریری تحصیل تلہ گنگ ضلع چکوال

۲

قادریہ لائبریری بھاٹی گیٹ لاہور کے لئے جناب محمد شباب القادری صاحب نے لکھا ہے :

ہمارے ہاں نوجوانوں نے ایک پبلک لائبریری قائم کی ہے ان کے اسرار پر آپ کو خط تحریر کررہا ہوں کہ مجلّہ فقہ اسلامی انہیں اعزازی طور پر جاری فرمائیں۔

پتہ : قادریہ لائبریری، شیش محل گھاٹی لاہور

☆ التاسیس خیر من التاکید ☆ تاسیس کی نسبت تاکید بہتر ہوتی ہے ☆

© rasailojaraid.com